Roll No ______________ [Total No. of Pages-2

**PGIS-1227-B-17**

# M.A. I Semester Degree Examination

## Urdu

## (Adab Ki Tadrees)

## Paper No. SC - 1.4

Time : 3 Hours Maximum Marks : 80

ہدایت : تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال(۱) ادب کی تدریس وتفہیم کے اہم مقاصد بیان کیجیے۔

(یا)

اردو میں اعلیٰ تعلیم کے نصاب میں کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔واضح کیجیے۔

سوال(۲) دورانِ تدریس داستان کی زبان واسلوب کی اہمیت واضح کیجیے۔

(یا)

افسانے کی تدریس کے بنیادی نکات کا احاطہ کیجیے۔

سوال(۳) تنقید کی تدریس وتفہیم کے طریقہ کار کی وضاحت کیجیے۔

(یا)

شاعری کی تدریس میں صنعتوں اور فنی لوازم کی اہمیت اجاگر کیجیے۔

سوال (۴) تاریخِ اردو ادب کے تدریسی مسائل بیان کیجئے۔

(یا)

مکتوباتی ادب کے تدریسی اُصول تحریر کیجئے۔

سوال (۵) عہدِ جدید میں ڈرامے کی تدریس اور ضرورت پر اظہارِ خیال کیجئے۔

(یا)

تدریسی تناظر میں ڈراما ''انارکلی'' کا المیہ قلمبند کیجئے۔

☆☆☆

Roll No ______________ [Total No. of Pages-2

**PGIS-1226-B-17**

**M.A. I Semester Degree Examination**

**Urdu**

**(Tarjuma Nigari)**

**Paper No. SC - 1.2**

Time : 3 Hours Maximum Marks : 80

ہدایت : تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال (۱) ''فن ترجمہ نگاری مختلف زبانوں اور تہذیبوں کو آپس میں جوڑنے کا ایک اہم وسیلہ ہے''۔ وضاحت کیجئے۔

(یا)

اردو کے اہم منظوم ترجمہ نگاروں کا تعارف پیش کیجئے۔

سوال (۲) فن ترجمہ نگاری کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیئے۔

(یا)

ترجمے کی مختلف اقسام پر اظہارِ خیال کیجئے۔

سوال (۳) اردو کے اولین تراجم کا محاکمہ کیجئے۔

(یا)

فن ترجمہ نگاری میں مترجم کو کن اصولوں کو مدِ نظر رکھنا چاہئے۔ لکھئے۔

سوال (۴) فن ترجمہ کے فروغ میں دلی کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

(یا)

ادبی ترجمہ کی اہمیت واضح کرتے ہوئے اس کی دشواریوں پر روشنی ڈالیئے۔

سوال (۵) صحافتی تراجم کے اصول بیان کیجئے۔

(یا)

فورٹ ولیم کالج میں ترجمہ کی ہوئی کتابوں پر روشنی ڈالیئے۔

☆☆☆

Roll No ______________ [Total No. of Pages-2

PGIS-1225-B-17

# M.A. I Semester (CBCS) Degree Examination

## Urdu

## (Farsi Zaban - o - Adab)

## Paper No. SC - 1.1

Time : 3 Hours Maximum Marks : 80

ہدایت : تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال(۱) آمدن اور رفتن سے فعل ماضی قریب کی گردان مع صیغہ وترجمہ کیجئے۔

(یا)

شنیدن اور گفتن سے فعل ماضی بعید کی گردان کیجئے۔

سوال(۲) درج ذیل عبارت کا اردو میں ترجمہ کیجیے۔

"یکے از ملوک عجم طبیبے حاذق را بخدمتِ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرستاد۔ سالے چند در دیارِ عرب بود کسے بہ تجرتے پیش وے نیامد و معالجتے از وے درنخواست۔ پیش پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آمد وگلہ کرد کہ مرایں بندہ را برائے معالجت اصحاب بخدمت فرستادہ اندریں مدت کسے التفاتے نہ کرد۔ تا خدمتے کہ بر بندہ معین است۔ بجا آرم۔ رسول علیہ السلام گفت این طائفہ را طریقے ہست کہ تا اشتہا غالب نشود بخورند۔

(یا)

درج ذیل عبارت کا فارسی میں ترجمہ کیجئے۔

"ملک مغرب کا ایک فقیر حلب کے بزازوں کے بازار میں کہہ رہا تھا اے دولت مندو اگر تم میں انصاف ہوتا اور ہم میں قناعت ہوتی تو سوال کا دستور دنیا سے اٹھ جاتا"۔ شعر۔

اے قناعت تو مجھ کو مالدار کردے کہ سوائے تیرے کوئی نعمت نہیں ہے

سوال(۳) حافظ شیرازی کی غزل گوئی پر روشنی ڈالیئے۔

(یا)

نظم ''گلِ نخستیں'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

سوال(۴) متن کے حوالے سے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔

(۱) بمے سجادہ رنگیں کن گرت پیرِ مغاں گوید — کہ سالک بے خبر نبود ز راہ و رسمِ منزلھا

(۲) مرا در منزلِ جاناں چہ امن و عیش چوں ہر دم — جرس فریاد می دارد کہ بر بندید محملھا

(۳) سرِ من از نالہ من دور نیست — لیک چشم و گوش را آں نور نیست

(۴) تن ز جان و جاں ز تن مستور نیست — لیک کس را دید جاں دستور نیست

(۵) مے قوتِ جسم و قوت جان است مرا — مے کاشفِ اسرارِ نہان ست مرا

(۶) دیگر طلب دنیا و عقبی نہ کنم — یک جرعہ پر از ہر دو جہان ست مرا

سوال(۵) عمر خیام کی رباعی گوئی پر اظہار خیال کیجئے۔

(یا)

مولانا رومی کے احوال و افکار پر روشنی ڈالیئے۔

☆☆☆

Roll No ______________ [Total No. of Pages-2

# PGIS-1224-B-17

## M.A. I Semester Degree Examination

## Urdu

## (Dastan Aur Drama)

## Paper No. HC - 1.3

Time : 3 Hours

Maximum Marks : 80

ہدایت : تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال(۱) اردو کی اہم داستانوں کا تعارف پیش کیجئے۔

(یا)

اُردو میں داستان گوئی کے زوال کے اسباب بیان کیجئے۔

سوال(۲) سب رس ایک تمثیلی داستان ہے۔ وضاحت کیجئے۔

(یا)

ڈرامے کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی لکھیے۔

سوال(۳) میرامن کے اسلوبِ نگارش پر اظہارِ خیال کیجئے۔

(یا)

ڈراما ''انارکلی'' امتیاز علی تاج کا شاہکار ڈرامہ ہے۔ وضاحت کیجئے۔

سوال (۴) رجب علی بیگ سرور کی داستان نویسی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(یا)

حبیب تنویر کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

سوال (۵) اظہر افسر کی ادبی کاوشوں کا جائزہ لیجیے۔

(یا)

ڈراما ''انار کلی'' کے کرداروں کا تعارف پیش کیجیے۔

☆☆☆

Roll No ______________ [Total No. of Pages-2

# PGIS-1223-B-17

## M.A. I Semester Degree Examination

## Urdu

## (Classical Shaeri)

## Paper No. HC - 1.2

Time : 3 Hours Maximum Marks : 80

ہدایت : تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال(۱) مثنوی ''سحر البیان'' کی زبان واسلوب پر اظہارِ خیال کیجئے۔

(یا)

دکن میں اردو مثنوی نگاری کی روایت پر روشنی ڈالیئے۔

سوال(۲) قصیدہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اقسام بیان کیجئے۔

(یا)

نصاب میں شامل کسی ایک قصیدہ کا تجزیہ پیش کیجئے۔

سوال(۳) اردو مرثیہ نگاروں میں میر انیس کی عظمت وانفرادیت قلم بند کیجئے۔

(یا)

اردو مرثیہ نگاری کی روایت پر اظہارِ خیال کیجئے۔

سوال(۴)　اردو نظم نگاری کی روایت پر روشنی ڈالیے۔

(یا)

نظیر اکبرآبادی کی نظموں میں ہندوستانی عناصر کی نشاندہی کیجیے۔

سوال(۵)　اردو میں رباعی گوئی کی روایت پر اظہارِ خیال کیجیے۔

(یا)

فراق گورکھپوری کی رباعی گوئی کا جائزہ پیش کیجیے۔

☆☆☆

Roll No ______________ [Total No. of Pages-2

**PGIS-1222-B-17**

**M.A. I Semester Examination December 2017-18**

**Urdu**

**Tareekh - e - Zaban - o - Adab**

**Paper No. HC - 1.1**

Time : 3 Hours Maximum Marks : 80

ہدایت : تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال(۱) اردو کی ترقی و ترویج میں صوفیاء کرام کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(یا)

مغربی ہندی اور اس کی بولیوں پر اظہارِ خیال کیجیے۔

سوال(۲) قطب شاہی دور میں دکنی نثر کی ترقی اور خدمات کا محاکمہ کیجیے۔

(یا)

عادل شاہی دور میں زبان و ادب کی نشو و نما پر اظہارِ خیال کیجیے۔

سوال(۳) اُردو شاعری کے عہدِ زرین سے متعلق اپنی معلومات تحریر کیجیے۔

(یا)

سرسید احمد خاں کے دور کی ادبی خدمات قلمبند کیجیے۔

سوال(۴) خطوطِ غالب کے ادبی محاسن کی وضاحت کیجیے۔

(یا)

فورٹ ولیم کالج کی داستانوں پر اظہارِ خیال کیجیے۔

سوال(۵) اردو مثنویوں میں تہذیبی عناصر کی نشاندہی کیجیے۔

(یا)

اُردو میں قصیدہ گوئی کی روایت پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆